SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
November 13, 2023

ایس ای سی پی نے اکتوبر میں **2,463** نئی کمپنیاں رجسٹرڈ کیں

اسلام آباد(نومبر ۱۳): سکیورٹیزاینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے اکتوبر کے مہینے میں دوہزار چار سو تریسٹھ (**2,463**) نئی کمپنیاں رجسٹر کیں نئی رجسٹریشن کے بعد رجسٹرڈ کمپنیوں کی کل تعداد دولاکھ پانچ ہزار چار سو چھپن (205,456) ہوگئی ہے۔ نئی رجسٹر ہونے والی کمپنیوں کا مجموعی طور پر اداشدہ سرمایہ چار ارب چوبیس کروڑ روپے ہے۔

اکتوبر میں رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں 56 فیصد کمپنیاں پرائیویٹ لمیٹڈ، 41 فیصد سنگل ممبر کمپنیاں جبکہ بقیہ تین فیصد کمپنیوں میں پبلک ان لسٹڈ، غیر منافع بخش ادارے اور لمیٹڈ لائیبلٹی پارٹنر شپ شامل ہیں۔اس ماہ تقریباً99 فیصد کمپنیاں آن لائن رجسٹر ہوئیں جن میں سے 140 کمپنیاں بیرون ملک سے رجسٹرڈ کی گئیں۔

سب سے زیادہ کمپنیاں انفرمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں رجسٹرڈ ہوئیں جن کی تعداد326 ہے۔اس کے بعد تجارت کے شعبے میں 322 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں، خدمات کے شعبے میں 298، اور رئیل اسٹیٹ اور تعمیرات میں 290 کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔ دیگر شعبوں میں تعلیم میں 107، سیاحت میں 100، فوڈ اینڈ بیوریجز میں 90، ای کامرس میں 67 اور کان کنی اور کھدائی میں بھی 67، کارپوریٹ ایگریکلچرل فارمنگ میں 63، مارکیٹنگ اور ایڈورٹائزمنٹ میں 61، ٹیکسٹائل میں 55، فارماسیوٹیکل میں 54، انجن اور ٹرانسپورٹر میں بھی 54، کیمیکل میں 45، پاور جنریشن میں 44، ہیلتھ کیئر میں 32، کاسمیٹکس اور ٹوائلٹریز میں 31، براڈکاسٹنگ اینڈ ٹیلی کاسٹنگ میں 30، رہائش میں 28، کمیونیکیشن میں 24، کیبلز اور الیکٹریکل گڈز، اور پیپر اینڈ بورڈ میں 16 جبکہ 203 کمپنیاں دوسرے شعبوں میں رجسٹرڈ ہوئیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

علاوہ ازیں اس ماہ 75 کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی۔ ان ممالک میں میں افغانستان، الجیریا، آسٹریلیا، چین، ڈنمارک، ایل سلواڈور، فرانس، جرمنی، انڈونیشیا، جنوبی کوریا، لیبیا، ملائیشیا، نیدرلینڈ، نائجیریا، ناروے، اسپین، شام کے غیر ملکی سرمایہ کار شامل ہیں۔، تھائی لینڈ، ترکی، متحدہ عرب امارات، برطانیہ، اور امریکہ۔ سرمایہ کاری کا بڑا حصہ چین سے 40 کمپنیوں کے ساتھ، افغانستان سے 5 کمپنیوں میں، برطانیہ سے چار، جرمنی سے چار اور متحدہ عرب امارات سے 3، نیدرلینڈ، ناروے اور امریکا سے دو اور دیگر ممالک سے 14 کمپنیوں نے سرمایہ کاری کی گئی۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005